The Absolute Reality

www.quran4u.com

يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ

اے انسان تو اپنے پروردگار کی طرف (پہنچنے میں) خوب کوشش کرتا ہے سو اس سے جا ملے گا

Quran With Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندهري)

سورۃ الانشقاق

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ (1)

جب آسمان پھٹ جائے گا

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (2)

اور اپنے پروردگار کا فرمان بجالائے گا اور اسے واجب بھی یہی ہے

وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ (3)

اور جب زمین ہموار کر دی جائے گی

وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ (4)

اور جو کچھ اس میں ہے اسے نکال کر باہر کر دے گی اور (بالکل) خالی ہو جائے گی

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (5)

اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کرے گی اور اس کو لازم بھی ہے (تو قیامت قائم ہو جائے گی)

يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ (6)

اے انسان تو اپنے پروردگار کی طرف (پہنچنے میں) خوب کوشش کرتا ہے سو اس سے جا ملے گا

فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ (7)

تو جس کا نامہ (اعمال) اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا (8)

اس سے حساب آسان لیا جائے گا

وَيَنْقَلِبُ إِلَى أَهْلِهِ مَسْرُورًا (9)

اور وہ اپنے گھر والوں میں خوش خوش آئے گا

وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ (10)

اور جس کا نامہ (اعمال) اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا

فَسَوْفَ يَدْعُو ثُبُورًا (11)

وہ موت کو پکارے گا

وَيَصْلَى سَعِيرًا (12)

اور دوزخ میں داخل ہو گا

إِنَّهُ كَانَ فِي أَهْلِهِ مَسْرُورًا (13)

یہ اپنے اہل وعیال میں مست رہتا تھا

إِنَّهُ ظَنَّ أَن لَّن يَحُورَ (14)

اور خیال کرتا تھا کہ (خدا کی طرف) پھر کر نہ جائے گا

بَلَىٰ إِنَّ رَبَّهُ كَانَ بِهِ بَصِيرًا (15)

ہاں ہاں اس کا پروردگار اس کو دیکھ رہا تھا

فَلَا أُقْسِمُ بِالشَّفَقِ (16)

ہمیں شام کی سرخی کی قسم

وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ (17)

اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ اکٹھا کرلیتی ہے ان کی

وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ (18)

اور چاند کی جب کامل ہوجائے

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَن طَبَقٍ (19)

کہ تم درجہ بدرجہ (رتبہ اعلیٰ پر) چڑھو گے

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (20)

تو ان لوگوں کو کیا ہوا ہے کہ ایمان نہیں لاتے

وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ (21) ۩

اور جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا يُكَذِّبُونَ (22)

بلکہ کافر جھٹلاتے ہیں

وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ (23)

اور اللہ ان باتوں کو جو یہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں خوب جانتا ہے

فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (24)

تو ان کو دکھ دینے والے عذاب کی خبر سنا دو

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ (25)

ہاں جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے انکے لئے بے انتہا اجر ہے

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com